# ٹیچرز گائیڈ

## چینو اور دانیکہ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں۔ جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں **6** سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

- 10 منٹ — سیشن کا آغاز پالتو جانور/ پرندوں کے بارے میں گفتگو سے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ بہت سے لوگ گھر میں جانور/ پرندے پالتے ہیں۔ چند ایسے جانوروں / پرندوں کے نام بتائیں جو گھر میں پالے جاتے ہیں۔ جیسے: بلی کتا طوطا بکری

  - بچوں سے پوچھیں کیا انہوں نے گھر میں کوئی جانور/ پرندہ پالا ہے؟ اگر پالا ہے تو کون سا؟ بچے اسے کس نام سے بلاتے ہیں؟

- 10 منٹ — کتاب کی پڑھائی آسان بنانے کے لئے کہانی میں آنے والے مشکل الفاظ اور ان کے معنی بورڈ پر لکھیں اور سمجھائیں۔ کچھ الفاظ یہ ہیں۔

| مشکل الفاظ | معنی |
|---|---|
| اچک اچک کر | اچھل اچھل کر |
| کھسکا دیا | جگہ سے ہلا دیا |
| لپکا | حملہ کیا |
| اچھل پڑے | ڈر گئے |
| آس پاس | قریب |

- 10 منٹ — بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک پالتو کتے کی کہانی پڑھیں گے جس میں بورڈ پر لکھے گئے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ کتاب **چینو اور دانیکہ** نکالیں۔

  - پہلے خود تاثرات کے ساتھ کہانی پڑھ کر سنائیں۔
  - اس کے بعد 8 - 6 بچوں سے باری باری کہانی کا ایک ایک صفحہ پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی پڑھائی میں ان کی مدد کریں۔

- کہانی مکمل ہونے کے بعد کہانی کے بارے میں بچوں کی رائے لیں۔

10 منٹ • بچے بورڈ پر لکھے گئے مشکل الفاظ اور ان کے معنی اپنی کوپی میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • امی یا ابو کو کتاب سے پڑھ کر کہانی سنائیں۔

# سیشن 2

5 منٹ • بچوں سے پوچھیں کیا انہوں نے اپنے امی یا ابو کو کہانی پڑھ کر سنائی تھی۔ انہیں کہانی کیسی لگی؟

15 منٹ • بچوں سے پوچھیں کہ کتاب میں چینو کیسا نظر آ رہا ہے؟ بچوں کے جوابات بورڈ پر لکھیں۔ بعد میں کتاب میں دیئے گئے الفاظ کی مدد سے **صفت** (adjective) سمجھائیں۔

- نیچے دی گئی مثالوں میں دائرہ میں دیا گیا لفظ **صفت** (adjective) کو ظاہر کرتا ہے اور دوسرا لفظ **اسم** (noun) کو۔

1) چھوٹا کتا 2) لمبے بال 3) بھورا رنگ

- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی چیز یا جگہ یا جاندار کے نام کو **اسم** (noun) کہتے ہیں اور **صفت** (adjective) ایسا لفظ ہوتا ہے جو کسی **اسم** کے بارے میں بتاتا ہے۔ جیسے:

1) پیارا بچہ 2) لمبا آدمی 3) صاف پانی

- آس پاس کی چیزوں سے چند مثالیں دیں اور بچوں سے بھی مثالیں پوچھیں۔ جیسے:

1) (کالا) بورڈ 2) (موٹی) کتاب 3) (چھوٹی) کرسی 4) (لمبی) پنسل

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ چینو کے بارے میں 5 جملے لکھیں۔
  - کام میں بچوں کی مدد کریں اور ان کی کوپی پر اصلاح کریں۔
  - وقت بچ جائے تو چند بچے اپنے جملے پڑھ کر سنائیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ

- اپنی پسند کے کسی بھی جانور/ پرندے کے بارے میں 4 صفحات پر مشتمل ایک کتاب بنائیں۔ سب سے پہلے صفحے پر جانور/ پرندے کا نام لکھیں اور اس کی تصویر بنائیں یا کسی رسالے/ اخبار سے کاٹ کر تصویر لگائیں۔ اندر کے صفحوں پر اس کے بارے میں معلومات لکھیں۔ آخری صفحہ پر اپنا نام اور کلاس لکھیں۔
  - بچوں کو سمجھائیں کہ جانور/ پرندے کے بارے میں معلومات لکھتے ہوئے چند سوال ذہن میں رکھیں۔ نیچے دیئے ہوئے سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ سوال اپنی کوپی میں لکھیں۔

### جانور/ پرندے کی معلومات کے لئے سوالات

1) دنیا میں کہاں پایا جاتا ہے؟
2) پانی یا زمین پر رہتا ہے؟
3) انڈے دیتا ہے یا اس کے بچے پیدا ہوتے ہیں؟
4) کیا کھاتا ہے؟
5) کیا اسے بھی کوئی کھاتا ہے؟

# سیشن 3

- بچوں کی بنائی ہوئی کتابیں دیکھیں۔ ان کی کوشش کو سراہیں۔ 5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ آج ہم محاورے کا استعمال سیکھیں گے۔ چینو اور دانیکہ کی کہانی میں بھی ایک محاورہ ہے **سر پر اٹھانا**۔ اس کا مطلب ہے **بہت شور مچانا**۔ 15 منٹ

- نیچے دیئے گئے محاوروں کے معنی اور جملوں میں ان کا استعمال بچوں کو سمجھائیں۔ بچے محاورے اور ان کے معنی کوپی میں لکھیں۔ (جملے ٹیچر کی مدد کے لئے دیئے گئے ہیں)۔

| محاورہ | معنی | جملہ |
|---|---|---|
| پیٹ میں چوہے دوڑنا | بہت بھوک لگنا | ندیم میچ کھیل کر گھر آیا تو بھوک سے اس کے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے۔ |
| سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا | ڈر کر بہت تیز دوڑنا | چور نے سپاہی کو دیکھا تو سر پر پاؤں رکھ کر بھاگا۔ |
| اپنے منہ میاں مٹھو بننا | خود اپنی تعریف کرنا | کوئی صائمہ کی تعریف کرے یا نہ کرے وہ خود ہی اپنے منہ میاں مٹھو بنتی ہے۔ |
| آپے سے باہر ہونا | غصے کو برداشت نہ کر سکنا | اسلم غصے کا تیز ہے ذرا سی بات پر آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ |
| گھوڑے بیچ کر سونا | بہت گہری نیند سونا | چوکیدار اس طرح گھوڑے بیچ کر سویا کہ اسے گھر میں چور کے آجانے کی خبر ہی نہ ہوئی۔ |
| سر پر اٹھانا | بہت شور مچانا | احمد کو چوٹ لگی تو اس نے رو رو کر گھر سر پر اٹھا لیا۔ |

- بچے 10 - 8 جملوں کی ایک کہانی لکھیں جس میں اوپر دیئے گئے محاوروں میں سے کم از کم 2 محاورے استعمال کئے گئے ہوں۔ 20 منٹ

## گھر کا کام

5 منٹ • کتاب کے صفحہ نمبر 1، 3 اور 5 سے املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 4

15 منٹ • بچوں سے کہیں اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ بچوں کو املا کے لئے 15 - 10 الفاظ دیں۔

15 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ • کتاب میں دیئے گئے ایسے الفاظ، جن کی ضد ہوتی ہے، چن کر بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی ضد پوچھیں اور بورڈ پر الفاظ کی صحیح ضد لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان الفاظ کو اپنی کوپی میں لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| آگے | پیچھے |
| اوپر | نیچے |
| پہلے | بعد |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| سونا | جاگنا |
| دن | رات |
| چھوٹا | بڑا |

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| الٹے | سیدھے |
| اترنا | چڑھنا |
| اندر | باہر |

# سیشن 5

15 منٹ • جن بچوں نے کتاب کی پڑھائی نہیں کی ان میں سے 8 - 6 بچوں سے ایک ایک صفحے کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ • کہانی سے متعلق چند سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے ان کے جوابات زبانی سنیں۔ ہر سوال کا ایک سے زیادہ جواب ہو سکتا ہے۔ بچوں کے مناسب جوابات کو تسلیم کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**سوالات**

1) چینو کسی کو سامان اٹھائے دیکھتا تھا تو کیوں ناراض ہو جاتا تھا؟
2) چینو دن بھر دانیکہ کے ساتھ کیوں رہتا تھا؟
3) اکرم بھائی کون تھے؟
4) چینو اور اکرم بھائی کی دوستی کیوں نہیں ہوئی؟

20 منٹ • بچوں سے کہیں کہ سوال اپنی کوپی میں لکھیں اور ان کے جوابات خود سوچ کر لکھیں۔

# سیشن 6

20 منٹ • اس سیشن میں بچوں سے مختلف پیشوں کے بارے میں بات چیت کریں ۔ بچوں کو بتائیں کہ جس طرح اکرم بھائی دانیکہ کے گھر بجلی کی چیزیں ٹھیک کرنے کے لئے آتے تھے اسی طرح بہت سے دوسرے لوگ روزی کمانے کے لئے مختلف کام کرتے ہیں۔

- کوئی بھی کام جو انسان روزی کمانے کے لئے کرتا ہے' اس کام کو اس شخص کا پیشہ کہتے ہیں۔

- بچوں کے ساتھ مل کر بورڈ پر مختلف پیشوں کی ایک فہرست بنائیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپی میں لکھیں۔

| کام | پیشہ | کام | پیشہ |
|---|---|---|---|
| بال کاٹتے ہیں | حجام | کپڑے دھوتے ہیں | دھوبی |
| کپڑے رنگتے ہیں | رنگریز | سبزی بیچتے ہیں | سبزی والے |
| کپڑے سیتے ہیں | درزی | جوتوں کی مرمت کرتے ہیں | موچی |
| لوہے کی چیزیں بناتے ہیں | لوہار | کھانا پکاتے ہیں | باورچی |
| میز کرسی بناتے ہیں | بڑھئی | مٹی کے برتن بناتے ہیں | کمہار |

15 منٹ

- نیچے دیئے گئے نامکمل جملے بورڈ پر لکھیں۔ بچے انہیں اپنی کوپی میں اتارنے کے بعد پیشوں کی فہرست کی مدد سے خالی جگہ پر کرنے کا کام کریں۔

1) ________ نے میرے کپڑے دھوئے۔
2) امی نے ________ سے گاجر، مولی خریدی۔
3) آپا نے اپنے کپڑے ________ سے سلوائے۔
4) ہمارے گھر کا لوہے کا دروازہ ________ نے بنایا۔
5) ________ نے ہمارے اسکول کا نیا فرنیچر بنایا۔
6) بھائی ________ سے مٹی کے گملے لایا۔
7) دعوت کے لئے ________ نے بہت مزیدار کھانا پکایا۔
8) ________ نے میرا دوپٹہ رنگا۔
9) میرے ٹوٹے جوتے ________ نے مرمت کیئے۔
10) دادا ________ کے پاس بال کٹوانے گئے۔

## گھر کا کام

10 منٹ

- اوپر دیئے گئے پیشوں سے متعلق کسی ایک شخص کا انٹرویو کریں جس میں نیچے دی گئی باتیں پوچھیں۔

1) نام
2) کام/ پیشہ؟
3) کتنے عرصے سے یہ کام کر رہے ہیں؟
4) یہ کام کہاں سے سیکھا ہے؟
5) کام کیسا لگتا ہے؟

# چینو اور دانیکہ
## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale